© rasailojaraid.com


جس کی قیمت ۲۴۰ روپے ہے اور اسے ظفر بک سنٹر، پاکستانی بازار، باغ بان پورہ، لاہور سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

## ’’ذوق بیاں‘‘

مجاہد ختم نبوت حضرت مولانا تاج محمود رحمہ اللہ تعالیٰ کے فرزند و جانشین صاحب زادہ طارق محمود صاحب تحریر و تقریر دونوں میدانوں میں اپنے والد محترم کی خدمات و روایات کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں اور ان کی تحریروں اور خطبات کے متعدد مجموعے منظر عام پر آ چکے ہیں۔ زیر نظر کتاب ’’ذوق بیاں‘‘ ان کے خطبات جمعہ کا دوسرا مجموعہ ہے جو ان کے مخصوص ذوق و اسلوب کا آئینہ دار ہے اور اس میں مختلف عنوانات پر تیس خطبات شامل ہیں۔

۳۸۴ صفحات کی یہ مجلد کتاب مکتبہ لولاک، مرکزی جامع مسجد محمود، ریلوے اسٹیشن فیصل آباد نے شائع کی ہے اور اس کی قیمت ۱۷۵ روپے ہے۔

## ’’مجاہد ملت مولانا حفظ الرحمٰن سیوہارویؒ ○ ایک سیاسی مطالعہ‘‘

برصغیر پاک و ہند و بنگلہ دیش کی برطانوی استعمار سے آزادی کی جدوجہد میں جن مجاہد علما نے نمایاں خدمات سرانجام دیں، ان میں جمعیۃ علماء ہند کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا حفظ الرحمٰن سیوہارویؒ بھی شامل ہیں۔ مجاہد عالم دین اور ممتاز پارلیمنٹیرین ہونے کے ساتھ ساتھ وہ ایک محقق اور دانش ور بھی تھے۔ ان کی خدمات، سیاسی افکار اور جدوجہد پر محترم ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہان پوری نے قلم اٹھایا ہے اور نئی نسل کو ایک حق گو اور مجاہد عالم دین کے کارناموں سے متعارف کرانے کی کام یاب کوشش کی ہے۔

پانچ سو سے زائد صفحات کی یہ مجلد کتاب جمعیۃ پبلی کیشنز، متصل مسجد پائلٹ سکول، وحدت روڈ لاہور نے شائع کی ہے اور اس کی قیمت ۲۰۰ روپے ہے۔

## ’’جہاد اسلامی اور دور حاضر کی جنگ‘‘

برصغیر کے ممتاز عالم دین، محدث اور حق گو سیاسی راہ نما حضرت مولانا سید محمد میاں رحمہ اللہ تعالیٰ نے دور حاضر کی جنگوں اور اسلامی جہاد کے فلسفہ پر روشنی ڈالی ہے اور دونوں کے فرق کو واضح کرتے ہوئے امام الہند حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ کے فلسفہ و تعلیمات کی روشنی میں جہاد کے فلسفہ اور احکام کی وضاحت کی ہے۔

ایک سو سے زائد صفحات کی یہ مجلد کتاب بھی جمعیۃ پبلی کیشنز نے شائع کی ہے اور اس کی قیمت ۵۰ روپے ہے۔

## ’’فتاویٰ مفتی محمودؒ جلد دوم‘‘

جمعیۃ پبلی کیشنز لاہور نے مفکر اسلام حضرت مولانا مفتی محمودؒ کے فتاویٰ کو مرتب شکل میں شائع کرنے کا سلسلہ


© rasailojaraid.com